ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 03 شوال 1447 ہجری | 23 مارچ 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 20

ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی عید الفطر انتہائی مذہبی جوش و جذبے سے منائی گئی

نماز عید کے اجتماعات میں ملک وقوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں جبکہ عالم اسلام کیلئے بھی امن اور استحکام کی دعائیں مانگی گئیں

کراچی میں تیز بارش کے سبب بیشتر عیدگاہوں اور کھلے مقامات پر عید کے اجتماعات نہیں ہوسکے شہریوں نے نماز عید مساجد اور امام بارگاہوں میں ادا کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی وقت کو عید الفطر اجتماعی مذہبی جوش وجذبے اور عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ کراچی میں تیز بارش کے سبب بیشتر عید گاہوں اور کھلے مقامات پر عید کے اجتماعات نہیں ہوسکے۔ شہریوں نے نماز عید مساجد اور امام بارگاہوں میں بھرپور شرکت کی۔ بارش کا سلسلہ نماز فجر کے بعد شروع ہوا جس کے بعد بھی آج تین عید گاہوں میں بارش کا پانی جمع ہوگیا۔ بارش کا سلسلہ نماز فجر کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

صدر مملکت، وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ کی قوم کو عید الفطر کی مبارکباد

عید الفطر عبر، تقویٰ اور ایثار کا حصلہ ہے، عید تی روحانی زندگی کے آغاز کا پیغام دیتی ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قوم کو عید الفطر کی مبارکباد دی ہے۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ عید الفطر عبر، تقویٰ اور ایثار کا حصلہ ہے، عید تی روحانی زندگی کے آغاز کا پیغام دیتی ہے، صدر مملکت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

وزیراعظم کا فیلڈ مارشل سے ٹیلیفونک رابطہ، عید کی مبارکباد دی

وزیراعظم کا ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر اور نیول چیف ایئر مارشل عبا شرف سے بھی ٹیلیفونک رابطہ، عید کی مبارکباد دی

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے انہیں عید کی مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

ٹیکیوٹی ذوجبات کے باعث پانی پی آئی نماز عید ادا نہیں کر سکے، بیل ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی ڈسٹرکٹ ٹیکیوٹی ذوجبات کے باعث پانی پی آئی نماز عید ادا نہیں کر سکے، بیل ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر دورہ ضلع کرم کے دوران عید الفطر کے موقع پر افسران وجوانوں کے ہمراہ نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے

پیٹرولیم مصنوعات کے حوالے سے بڑا فیصلہ

لگژری گاڑیوں کے فیول لیوی میں 200 روپے فی لیٹر اضافہ

ہائی آکٹین فیول پر لیوی بڑھنی چاہیے اور امیر ترین طبقے کے زیر استعمال لگژری گاڑیوں پر موجودہ 100 روپے فی لیٹر لیوی میں 200 روپے مزید فی لیٹر اضافے کا فیصلہ کر دیا گیا

اس فیصلے سے حکومت کو 9 ارب روپے ماہانہ بچت ہوگی، عوام کو اس بچت سے ریلیف دیا جائیگا، اس فیصلے سے معیشت پر بوجھ کم ہوگا اور ملک کا امیر ترین طبقہ بوجھ اٹھائیگا، وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کے حوالے سے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے لگژری گاڑیوں میں استعمال ہونے والی ہائی آکٹین کی فی لیٹر قیمت میں 200 روپے کا اضافہ کر دیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وزارت توانائی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

صدر مملکت آصف علی زرداری رئیس نور محمد لاکھو کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

حکومت شمسی توانائی کیخلاف نہیں ہے، وزیر توانائی

رات کے وقت، یا دور گرڈ کو منقطع رکھنے اور بلاتی سولی لوڈ شیڈنگ کے مطابق ڈھالنے کیلئے منقطع (آئسلیٹ) اور ڈسپیچ ایبل ذرائع کا ہونا لازمی ہے

صارفین اپنے سولر یا دیگر صاف توانائی کے نظام منقطع طریقے سے لگائیں جو دوسرے صارفین پر غیر منصفانہ بوجھ نہ ڈالے، اویس لغاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ حکومت شمسی توانائی (سولر پاور نیٹس) کے خلاف نہیں ہے، حکومت شمسی توانائی کو مکمل سپورٹ کرتی ہے لیکن اس طریقے سے جو تمام صارفین کے ساتھ منصفانہ ہو اور غیر شمسی صارفین پر غیر منصفانہ بوجھ نہ ڈالے۔ وزارت توانائی کی جانب سے جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شمسی توانائی ٹوسل فول سپلائی ملانے کی جگہ گیٹ ہے صرف دن کے اوقات (سولر آور) میں ہوتا ہے، رات کے وقت، یا دور گرڈ کو منقطع رکھنے اور بلاتی سولی لوڈ شیڈنگ کے مطابق ڈھالنے کے لیے منقطع (آئسلیٹ) اور ڈسپیچ ایبل ذرائع کا ہونا لازمی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے قومی اتحاد ناگزیر ہے، رانا ثناء اللہ

پاکستان دوحہ معاہدہ کا احترام کرتا ہے اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری ہماری پالیسی کا اہم حصہ ہے، مشیر وزیراعظم

پاکستان اس وقت اندرونی و بیرونی محاذوں پر مختلف چیلنجز سے نبرد آزما ہے، مشیر وزیراعظم کی ایران پر حملوں کی مذمت

لیل آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت اندرونی و بیرونی محاذوں پر مختلف چیلنجز سے نبرد آزما ہے، تاہم وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں ملک ان تمام مشکلات کا مضبوطی سے مقابلہ کر رہا ہے جس سے عالمی سطح پر پاکستان کا کردار مزید مستحکم ہوا ہے، عالم اسلام میں امن، استحکام اور امیہ کی علامت بن چکا ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے معاہدوں کا پابند ہے اور خلیج میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سعودی عرب اور ایران کے درمیان مفاہمت کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے عید الفطر کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

ہر قیمت پر ملکی خودمختاری کے دفاع کا عزم

فیلڈ مارشل نے عید کرم میں جوانوں کے ساتھ منائی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے فوجیوں اور افسران کو عید کی مبارکباد پیش کی اور فوجیوں کی غیر متزلزل لگن، بلند حوصلے اور مثالی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا آئی ایس پی آر

آپریشن غضب حق میں دہشت گردیت ورکس کے خاتمے پر تعریف، افغانستان سے سرگرم دہشت گردوں کو فکل سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائیگی، فیلڈ مارشل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ افغانستان سے سرگرم دہشت گردوں کو فکل سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اعلیٰ سرویز بیک ریسٹرنٹ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے فوجیوں اور افسران کے ساتھ عید الفطر گزارنے کے لیے کرم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جوانوں کے ساتھ نماز عید ادا کی اور پاکستان کے پائیدار استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے فوجیوں اور افسران کو عید کی مبارکباد دی اور فوجیوں کی غیر متزلزل لگن، بلند حوصلے اور مثالی پیشہ ورانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

سندھ میں مختلف سرکاری محکموں کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ

گراؤنڈ کی جانے والی گاڑیوں میں صحت، خزانہ، اسکول ایجوکیشن، ماربی اور اینٹی کرپشن جیسے محکمے بھی شامل ہیں، بعض محکموں میں یہ شرح 65 فیصد سے بھی تجاوز کر گئی

اقدام کا مقصد توانائی کی کھپت میں کمی لانا، سرکاری اخراجات کو کم کرنا اور وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنانا ہے، تمام محکموں کو پالیسی پر مکمل عملدرآمد کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کی ذیلی کمیٹی برائے کفایت شعاری کے اہم فیصلے کے تحت مختلف سرکاری محکموں کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مظہر صوبائی وزیر پبلک اعانت کا کہنا تھا کہ کمیٹی کی جانب سے 47 زائد محکموں میں موجود 2837 گاڑیوں میں سے 1524 گاڑیاں گراؤنڈ کی جا چکی ہیں۔ گراؤنڈ کی جانے والی گاڑیوں میں صحت، خزانہ، اسکول ایجوکیشن، ماربی اور اینٹی کرپشن جیسے محکمے بھی شامل ہیں۔ بعض محکموں میں یہ شرح 65 فیصد سے بھی تجاوز کر گئی ہے، اعلیٰ پروٹوکول کو گاڑیاں، ایمبولینس، اسٹاف کی گاڑیاں اور تمام گاڑیوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



ABC Certified
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
سے پاک سماٹ کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید ذکاء اللہ اطلاعات
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید عمر کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

قائد کے شہر سے

بندہ ہوتی گزرگاہیں اور دنیا کو درپیش نیا خطرہ

عالمی سیاست کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ طاقت کے بے استعمال اور یکطرفہ فیصلوں نے ہمیشہ دنیا کو عدم استحکام کی طرف دھکیلا ہے۔ حالیہ صورتحال بھی اسی تسلسل کی ایک کڑی ہے جہاں امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف کارروائی نے نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کو ایک نئے بحران کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ یہ محض دو یا تین ممالک کے درمیان کشیدگی نہیں بلکہ ایسا پیچیدہ تنازع ہے جس کے اثرات عالمی معیشت، بین الاقوامی اتحادوں، توانائی کی فراہمی اور عالمی امن پر براہ راست مرتب ہو رہے ہیں۔ امریکا کی جانب سے اسرائیل کی حمایت میں ایران کے خلاف کارروائی کا آغاز دراصل ایک بڑی اسٹریٹجک غلطی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ بظاہر یہ اقدام اپنے اتحادی کے دفاع کے لیے کیا گیا، مگر اس کے نتائج توقعات کے برعکس نکلے۔ ایران نے براہ راست عسکری تصادم کے بجائے ایک ایسی حکمت عملی اپنائی جس نے عالمی نظام کو ہلا کر رکھ دیا اور وہ یہ آہنائے ہرمز کی بندش۔ یہ گزرگاہ دنیا کی توانائی سپلائی لائن کی شہ رگ سمجھی جاتی ہے، جہاں سے یومیہ لاکھوں بیرل تیل عالمی منڈیوں تک پہنچتا ہے۔ آہنائے ہرمز کی بندش نے عالمی معیشت کو شدید دھچکا پہنچایا ہے۔ تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس نے نہ صرف صنعتی ممالک بلکہ ترقی پذیر معیشتوں کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ براہ راست پیداواری لاگت میں اضافے کا باعث بنتا ہے، جس کا نتیجہ مہنگائی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ دنیا بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں، سپلائی چین متاثر ہو رہی ہیں اور اقتصادی ترقی کی رفتار سست پڑ رہی ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے لیے یہ صورتحال خاص طور پر تباہ کن ہے۔ ایسے ممالک جو پہلے ہی قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ان کے لیے مہنگی توانائی درآمد کرنا مزید مشکل ہو گیا ہے۔ ان ممالک میں کرنسی کی قدر میں کمی، تجارتی خسارے میں اضافہ اور مالیاتی عدم استحکام جیسے مسائل شدت اختیار کر رہے ہیں۔ غریب طبقات کے لیے زندگی مزید دشوار ہو چکی ہے، جہاں بنیادی ضروریات کا حصول بھی ایک چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ پاکستان جیسے ممالک اس بحران سے براہ راست متاثر ہو رہے ہیں۔ پاکستان کی معیشت پہلی ہی مشکلات کا شکار ہے، اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ کے مالیاتی نظام پر دباؤ ڈالا ہے۔ اس کے نتیجے میں نہ صرف پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہوئی ہیں بلکہ بجلی، ٹرانسپورٹ اور خوراک کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ مہنگائی کی یہ لہر عوامی سطح پر بے چینی کو جنم دیتی ہے اور حکومتوں کے لیے معاشی استحکام برقرار رکھنا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ قرض مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ بڑھتا ہے اور کرنسی کی قدر میں کمی واقع ہوتی ہے، جس سے بیرونی قرضوں کی ادائیگی مزید مشکل ہو جاتی ہے۔ صنعتی پیداوار متاثر ہوتی ہے اور بے روزگاری میں اضافہ ہوتا ہے۔

23 مارچ: عہدِ پاکستان کی تجدید کا دن

23 مارچ پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری دن ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے ایک جداگانہ وطن کے قیام کا واضح اور دوٹوک فیصلہ کیا۔ 1940 میں اسی دن قرارداد پاکستان منظور کی گئی جسے بعد میں قیام پاکستان کی بنیاد قرار دیا گیا۔ یہ دن ہمیں اس عزم کی یاد دلاتا ہے کہ ہمارے بزرگوں نے کس عزم، قربانی اور اتحاد کے ساتھ ایک آزاد مملکت کا خواب حقیقت میں بدلا۔ قائداعظم محمد علی جناح نے اس موقع پر جو اصول پیش کیے وہ آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ ان کا سب سے اہم پیغام اتحاد، ایمان اور تنظیم تھا، جس کے ذریعے انہوں نے قوم کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا۔ قائداعظم نے واضح کیا کہ مسلمان ایک الگ قوم ہیں، جن کی تہذیب، ثقافت اور مذہب منفرد ہے، اور انہیں ایک ایسا وطن چاہیے جہاں وہ آزادی کے ساتھ اپنی زندگی گزار سکیں۔ ان کی قیادت میں تحریک نہ صرف مشبوط ہوئی بلکہ دنیا کے نقشے پر ایک نئی ریاست کا قیام ممکن ہوا۔ 23 مارچ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ آزادی صرف حاصل کرنا ہی کافی نہیں بلکہ اس کی حفاظت اور ترقی کے لیے مسلسل جدوجہد ضروری ہے۔ آج ہمیں اپنے اندر وہی جذبہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو ہمارے آباؤ اجداد میں تھا۔ کرپشن، ناانصافی اور انتشار جیسے مسائل کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں قائداعظم کے اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔ اگر ہم سچائی، ایمانداری اور محنت کو اپنائیں تو پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنایا جا سکتا ہے۔ آج کے دن ہمیں اپنی مسلح افواج کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے، جو ہر طرح کے خطرات کے لیے تیار رہتی ہیں۔ 23 مارچ کا دن ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع دیتا ہے کہ ہم اپنے وطن کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ یہی وہ جذبہ ہے جو پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے گا۔

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

پاکستان کی سب سے بڑی سچائی: مڈل کلاس کا خاموش المیہ!

پاکستان میں اگر کوئی چیز ایک جیسی ہے تو وہ ہے مڈل کلاس کی خاموش اذیت۔ ایک سیریز جو اور ٹیب، سیریز کے بعد پورا کرتا ہے، ہر دوسرا شخص اسی کرب سے گزر رہا ہے۔ وہ اپنی خواہشات کو بھلا کر اپنے اور اس کے بچوں کے مستقبل کو ترجیح دیتا ہے۔ یہ طبقہ نہ احتجاج کرتا ہے نہ شکایت، بس خاموشی سے اپنی زندگی کو قربان کر دیتا ہے۔ اس کی زندگی کا ہر لمحہ ایک امتحان ہے۔ بچوں کی فیس، بجلی کا بل، دوا کا خرچ، گھر کا کرایہ اور سب کچھ ایک ساتھ۔ یہ طبقہ اپنی ضروریات کو کم کرتا ہے، اپنے خوابوں کو ملتوی کرتا ہے، اور پھر بھی مسکراتا ہے تاکہ کسی کو تکلیف نہ ہو۔ یہ مسکراہٹ ہی اس کی سب سے بڑی طاقت اور سب سے بڑی کمزوری ہے۔ یہ طبقہ ہر ماہ تنخواہ کا انتظار کرتا ہے، مگر تنخواہ آتے ہی اس کا بجٹ بکھر جاتا ہے۔ مہنگائی کی شرح 10 فیصد ہو یا 100 فیصد، اس کا نتیجہ ایک ہی ہوتا ہے: قربانی۔ کبھی بچوں کی تعلیم، کبھی صحت، کبھی سفر۔ یہ طبقہ ہر سال کچھ کھو دیتا ہے، اور ہر سال اس کا خسارہ بڑھ جاتا ہے۔ یہ طبقہ نہ سڑکوں پر آتا ہے نہ میڈیا کو بتاتا ہے کہ اس پر کیا گزر رہی ہے۔ یہ خاموشی ہی اس کی سب سے بڑی سچائی ہے۔ یہ طبقہ ہی ہر شعبے کو چلاتا ہے، ڈاکٹر، استاد، بینکار، صحافی، سرکاری ملازم، سب اسی طبقے سے آتے ہیں۔ اس کی زندگی کا ہر لمحہ ایک امتحان ہے۔ کبھی اپنی خواہشات کو بھلا کر اپنے بچوں کے مستقبل کو ترجیح دینا، کبھی اپنی صحت کو نظر انداز کر کے بچوں کی فیس ادا کرنا، کبھی اپنے خوابوں کو ملتوی کر کے گھر کا بجٹ سنبھالنا

حوریہ کا تعلق الجزائر سے ہے، کالج میں پڑھائی کے دوران

منتخب محترمہ ورلڈ ایجوکیشن ڈیلیگیٹ سوسائٹی آل پاکستان جنرل سیکرٹری اور پیشہ ورانہ تربیت اور ہنر مند افراد کا کام شروع کردیا۔

حوریہ نے اپنے کم عمر کو اور ازاد خواتین کو ہنر مند بنانے کے لیے کام کیا اور ہنر مند بنانے میں بڑا حصہ لیا اور ان کو ہنر مند بنانے میں بڑا حصہ لیا اور ان کو ہنر مند بنانے میں بڑا حصہ لیا اور ان کو

صاف پانی شہری کا بنیادی حق ہے گورنر سندھ نہال ہاشمی

سندھ خصوصاً کراچی میں صاف پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی اولین ترجیح ہے، پانی کی کمی کا سب سے زیادہ بوجھ خواتین اور بچیوں پر پڑتا ہے

کراچی میں پانی کی قلت کے حل کے لیے جدید منصوبہ بندی پر کام تیز، ہوٹل پانی کا تحفظ اور ذمہ دارانہ استعمال قومی ذمہ داری ہے، ٹائم یوم آب پر پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے عالمی یوم آب پر اپنے پیغام میں کہا کہ سب کے صاف پانی پر شہری کا بنیادی حق ہے، انہوں نے کہا کہ سندھ خصوصاً کراچی میں صاف پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی اولین ترجیح ہے، گورنر سندھ نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں قومی واٹر پالیسی کے تحت طرح اصلاحات جاری ہیں۔ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، کسی بھی آبی جارحیت کی مخالفت کرے گا۔ پانی کی کمی کا سب سے زیادہ بوجھ خواتین اور بچیوں پر پڑتا ہے، انہیں بااختیار بنانا ضروری ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کراچی میں پانی کی قلت کے حل کے لیے جدید منصوبہ بندی کے کام تیز ہوں۔ پانی کا تحفظ اور ذمہ دارانہ استعمال قومی ذمہ داری ہے۔

شاہزیب چاچڑ کی جانب سے سادہ اور باوقار تقریب کا انعقاد

اشرفان اور بلاکاروں نے غیر پرشرکت کی تو مہم اشرفان اور اسٹاف نے ایس ایس پی حیدرآباد کو عید کی مبارکباد دیتے کی

ایس ایس پی حیدرآباد نے بھی پولیس فورس کے تمام اراکین کو عید الفطر کی دلی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

حیدرآباد (پریس ریلیز) ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کی جانب سے پولیس اشرفان اور اہلکاروں نے غیر پرشرکت کی تو مہم اشرفان اور اسٹاف نے ایس ایس پی حیدرآباد کو عید کی مبارکباد دی، ایس ایس پی حیدرآباد نے بھی پولیس فورس کے تمام اراکین کو عید الفطر کی دلی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

صدر محکمت کی ذاتیات میں مبتلا پانی رہنما عام سردار لوگ گھر جا کر لوٹا تھیں سے تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدر محکمت آصف علی زرداری نواب شاہ کے قریب گاں کھنڈ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نظیر رہنما مرحوم عامر سردار کے گھر پہنچے اور ان کے لواحقین سے تعزیت کی، صدر آصف علی زرداری نے مرحوم عامر سردار کے صاحبزادگان شہباز سردار اور سلمان سردار کے ساتھ تعزیت کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

حیدرآباد پولیس کے افسران نے دارالامان میں مقیم یتیم بچوں کیساتھ عید کا دن گزارا

ایس ڈی پی او انوکی زین رضا بلوچ اور ایس ڈی پی او ایسٹ پارس ٹھہرانی عید کے موقع پر دارالامان پہنچے

بچوں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے پولیس افسران نے یتیم بچوں میں عید کے تحائف تقسیم کیے

حیدرآباد (پریس ریلیز) آصف حسین کلہوڑو ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کی خصوصی ہدایات پر حیدرآباد پولیس کے افسران نے سماجی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دارالامان میں مقیم یتیم بچوں کیساتھ عید کا دن گزارا۔ دارالامان میں مقیم یتیم بچوں کی سرپرستی کرتے ہوئے ایس ڈی پی او ایسٹ پارس ٹھہرانی مہم کے دوران ایس ڈی پی او انوکی زین رضا بلوچ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

عید الفطر اتحاد، اخوت اور محبت کا عملی پیغام ہے، ثروت اعجاز قادری

عید الفطر دراصل صبر، برداشت، ایثار اور تقویٰ کی عملی تربیت کے بعد اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطا کردہ ایک عظیم انعام ہے، بلال عباس قادری

عید کا دن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ہم اپنی ذاتی اناؤں، اختلافات اور رنجشوں کو ختم کر کے محبت، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دیں، علامہ بلال سلیم قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری اور مرکزی عارفی جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری نے عید الفطر کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر امت مسلمہ اور خصوصی پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے پیغام شکر بیان میں کہا کہ عید الفطر دراصل صبر، برداشت، ایثار اور تقویٰ کی عملی تربیت کے بعد اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطا کردہ ایک عظیم انعام ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ رمضان المبارک ہمیں نفس کی اصلاح، اخوت کی پابندی اور انسانیت کے ساتھ ہمدردی کا درس دیتا ہے، یہ پیغام اظہار اس بات کا اعلان ہے کہ ہم نے اس مقدس مہینے کی برکتوں سے کس حد تک فائدہ اٹھایا، عید ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ہم اپنی ذاتی اناؤں، اختلافات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

مستحکم پاکستان کیلئے سب سے زیادہ ذمہ داری نوجوانوں کی ہے

عشرت العباد خان

23 مارچ 1940 کی جدوجہد آزادی قرار داد لاہور نے مسلمانوں کیلئے الگ وطن کی بنیاد رکھی، آج کا نام اعظم اور ائے رہنمائوں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہیں

فیڈرل مارشل سید عاصم منیر آپریشن غضب الحق کیسے طوطک وطن کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن گئی

تاریخی قرارداد لاہور نے مسلمانوں کے الگ وطن کی بنیاد رکھی، آج کا نام اعظم عوامی رابطہ عہدہ کے سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پاکستان کے مقدس روشنی اکی کر پاکستان پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے سالمیت کی قربانیوں کو یاد کرتے ہیں، ہمارے سپاہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پاکستان کے مقدس روشنی اکی کر پاکستان پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کی سالمیت کی قربانیوں کو یاد کرتے ہیں۔ 23 مارچ 1940 کی تاریخی قرارداد لاہور نے مسلمانوں کے لئے الگ وطن کی بنیاد رکھی، آج کا نام اعظم عوامی رابطہ عہدہ کے سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پاکستان کے مقدس روشنی اکی کر پاکستان پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کی سالمیت کی قربانیوں کو یاد کرتے ہیں۔ 23 مارچ 1940 کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

اولڈ پیپلز ویلفیئر سوسائٹی "اپنا گھر" کے زیر اہتمام پروقار تقریب

اسسٹنٹ کمشنر جہلم آفتاب اشرف نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

ادارہ آمد بزرگ ایجاد اور محمد عثمان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور بریڈ بنک دی

جہلم (خادم حسین چوہدری) اولڈ پیپلز ویلفیئر سوسائٹی "اپنا گھر" کے زیر اہتمام وہاں مقیم مرد و خواتین اور بچوں کے لیے عید کی خوشیاں بانٹنے کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اپنی کمشنر جہلم رضا مدثر کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر جہلم آفتاب اشرف نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ادارہ آمد بزرگ ایجاد اور محمد عثمان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور بریڈ بنک دی تقریب میں ادارہ کے ترقی، مقامی امور پر تفصیلی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اپنی کمشنر جہلم رضا مدثر کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر جہلم آفتاب اشرف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

اولڈ پیپلز ویلفیئر سوسائٹی "اپنا گھر" کے زیر اہتمام وہاں مقیم مرد و خواتین اور بچوں کے لیے عید کی خوشیاں بانٹنے کی ایک پروقار تقریب میں لی گئی تصویر

افواج پاکستان نے ہر مشکل میں ملکی دفاع کو یقینی بنایا ہے

زبیر طفیل

23 مارچ ہماری قومی تاریخ کا نہایت اہم دن اور یہ بےمثال دن ہمیں ایک علیحدہ وطن کیلئے دی جانیوالی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے

ایران، سعودی عرب اور یواے ای سمیت اہم ممالک کا پاکستان پر اعتماد موجود ہے، سعودی عرب کے ساتھ معاہدوں کی پاسداری کی جاری ہے، صدر پوپلی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

اسکیم 33 میں اپنا ہاؤسنگ نائن منصوبے پر تعمیراتی کام تیز، رمضان فیسٹول کا انعقاد

صدیق میز گروپ کا رہائشی منصوبہ پیرپانی وے کے قریب، الائیز ڈیولپرز کی پرشرکت

عالمی معیار اور جدید انجینئرنگ روایت برقرار رکھنے کا عزم، تاخیری صورت میں کرایا اور گرنٹی لیٹر پانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں کی رہائشی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صدیق میز گروپ نے چاپ سے اسکیم 33 میں واقع کیے گئے منصوبے اوشین ہاؤسنگ نائن 99 کے تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ اس کے ساتھ پراجیکٹ سائٹ پر رمضان فیسٹول بھی منعقد کیا گیا، تفصیلات کے مطابق اوشین 99 منصوبہ پیرپانی وے مانگا پیر سے اسکیم 33 نالے والے مین روڈ پر چند منٹ کی ڈرائیو پر واقع ہے۔ منصوبے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ رمضان کی تعمیراتی کام میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

اسکیم 33 اوشین 99 میں رمضان فیسٹول میں شہری فیملی کے ہمراہ کھانے سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

ماہی گیر اور کسان تنظیموں کا ورلڈ واٹر ڈے پر بہتر پانی کے انتظام اور منصفانہ تقسیم کا مطالبہ

دنیا بھر میں 22 مارچ کو ورلڈ واٹر ڈے منایا گیا جس کا بنیادی مقصد پانی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے

ساحلی علاقوں میں سمندری پانی کا دباؤ بڑھنے سے سندھ ڈیلٹا کا ماحولیاتی نظام شدید متاثر ہے

کراچی (پورٹ رپورٹر) ماہی گیر تنظیموں کا کہنا ہے کہ پاکستان کے موسمی پیٹرن میں تبدیلی سے ملک پر پانی کی کمی کے خطرات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہی گیر تنظیموں کا کہنا ہے کہ دنیا بھر میں 22 مارچ کو ورلڈ واٹر ڈے منایا جاتا ہے جو کہ دنیا کے ہر انسان کو صاف پینے کے پانی اور بہتر نکاسی آب کی سہولیات کی فراہمی کا دن ہے۔ اس سال 2026 کا مرکزی موضوع "واٹر اینڈ جینڈر" یعنی پانی اور صنفی مساوات رکھا گیا ہے جو اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ دنیا بھر میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



سینیٹر یوسف رضا گیلانی حضرت موسیٰ پاک شہید کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چھٹی عید کے موقع پر قوم کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، شاہد محمود، اعجاز چوہدری

اکثریت مشکل ترین حالات میں بھی خوشی کے ان لمحات کو بہترین سمجھتی ہے، پاکستان راشد محمود، ارشد عمر، فراز چیمہ

لاہور (پورٹ رپورٹ) کا کہنا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں گزشتہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں شاہد محمود

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

عید الفطر پر اندرون و بیرون ملک ہوائی سفر کے کرایوں میں اضافہ

لاہور (پورٹ رپورٹ) عید الفطر پر اندرون و بیرون ملک ہوائی سفر کے کرایوں میں اضافے کا رجحان دیکھا گیا، میڈیا سے ایک رپورٹ کے مطابق ڈومیسٹک کے کرائے میں اضافہ کے مقابلے میں 15 سے 20 فیصد زائد رہے جس کے دوران 30 فیصد تک بھی شہریوں نے خریدے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ اضافہ عید پر زیادہ اور چینج کی قیمت میں عالمی اضافے کے سبب ہوا، شہریوں کے اندرون ملک قطاری سفر میں بھی، اس ہم بیرون ملک سے پاکستانی شہریوں کی واپسی میں اضافہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

ایران جنگ، پاکستان میں ڈیلیوری رائیڈرز کی عید تعطیل پر پڑ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایران جنگ کے باعث پاکستان میں ڈیلیوری رائیڈرز کی عید جنگی پر تعطیل ایک میں موجود ڈیلیوری رائیڈرز نے بتایا کہ روزانہ کمانے کام کرنے کے باوجود پیسے کما رہے ہیں جس کی وجہ سے عید پر معمولات متاثر ہوں گے جن میں بچوں کے لیے کپڑے وغیرہ کی خریداری بھی شامل ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق کچھ ہفتے پہلے تک 23 سالہ محمد حسن روزانہ تقریباً 1500 روپے کما رہا تھا لیکن اب ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتیں 320 روپے فی لیٹر سے اوپر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

وائٹر پر فیڈرل بی ایریا کے ملازمین کے پیادوں کے انتقال پر تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بی ایریا کے لائنس کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے سربراہ اعلیٰ پوائنٹ علی محمد، چیف منیجر سید محسن رضا صدر، سینئر ایگزیکٹو انجینئر ملازمین، ڈپٹی منیجر محمد کرام خان، سینئر ایگزیکٹو انجینئر ملازمین، ڈپٹی منیجر محمد خان، سینئر ایگزیکٹو انجینئر ملازمین، ڈپٹی منیجر محمد خان، نائب صدر محمد اشفاق، اعوان اور مرکزی کابینہ ذمہ داران و کارکنان واٹر کارپوریشن کے ملازم اکرم قریشی، جوہلی حاجی محمد یامین قریشی مرحوم ڈی ایم ڈی فائنانس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
ETTELAAT KARACHI
تمام عزت مسلمہ کو روزنامہ اطلاعات کی جانب سے عید الفطر مبارک
عید الفطر مبارک

SUNTAC
پانی کی ٹنکیاں
واٹر و کیمیکل اسٹوریج ٹینکس
FDA سے منظور شدہ 10 سالہ گارنٹی
مناسب قیمت پر ڈیلرز سے دستیاب ہیں
پاپولر پلاسٹکس (پرائیوٹ) لمیٹڈ
021-36880739 / 021-36880720
ppl.suntac@gmail.com